# اسٹیٹ لائف سدرن ریجن کے زیرِاہتمام کانفرنس کا انعقاد

## ایگزیکٹیوڈائریکٹرمحترمہ نرگس گھلو کی جانب سے بیمہ کاروں کی حوصلہ افزائی

رپورٹ......قاضی جاوید
سیکٹرہیڈ، کراچی سدرن زون



سیدعلمدار حسین کاظمی محترمہ نرگس گھلو کوسدرن ریجن کے اجلاس میں خوش آمدید کہہ رہے ہیں

گزشتہ دنوں سدرن ریجن کی آخری اور اہم زونل ہیڈز و سیکٹر ہیڈز بزنس کانفرنس کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو کی زیرِصدارت منعقد ہوئی جس میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ، سدرن ریجن کے تمام زونل ہیڈز و سیکٹر ہیڈز نے شرکت فرمائی۔

اس موقع پر سیدعلمدار کاظمی نے خطبہ استقبالیہ میں ایگزیکٹیوڈائریکٹر، ڈویژنل ہیڈ اور زونل و سیکٹر ہیڈز کو کانفرنس میں خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر محترمہ نرگس گھلو اور سلطان اے شیخ کو سدرن ریجن کی جانب سے گلدستے پیش کیے۔ جناب علمدار حسین کاظمی نے اپنے خطاب میں یقین دلایا کہ اپنی ساری زندگی کے تجربات علم و مشاہدات کو بروئے کار لاتے ہوئے سدرن ریجن کے چپے چپے تک اپنی آواز پہنچائیں گے اس کے لیے چاہے انہیں کتنا ہی سفر کیوں نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ 2008ء کے اختتام پر سدرن ریجن اپنی کاروباری پوزیشن کو زبردست بہتری کے ساتھ تبدیل کرے گا۔ انہوں نے تمام زونل ہیڈز و سیکٹر ہیڈز کو ان کی کارکردگی، کاوشوں پر مبارک باد دی۔

اس موقع پر ملٹی میڈیا کے ذریعے محترمہ نرگس گھلو نے سدرن ریجن کا 2007ء اور 2008ء کا تقابلی جائزہ لیا۔ تمام زونل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز سے آغاز سال تا امروز پریمیئم سال اول، سیکنڈ ایئر پرسسٹینسی، رینیول پریمیئم، فروخت کردہ پالیسیوں کی تعداد، نئی افرادی قوت کی بھرتی، ان کی تربیت اور فعال کردار ادا کرنے پر فرداً فرداً گفتگو کی۔ انہوں نے کمزور پہلوؤں کی نشاندہی کرتے ہوئے درستگی کے لیے مفید مشوروں سے نوازا اور بعض معاملات پر فوری احکامات صادر کیے۔ اور یقین ظاہر کیا کہ زونل ہیڈ و سیکٹر ہیڈز اپنی پیشہ ورانہ اور ماہرانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے ایریا منیجرز اور پوری مارکیٹنگ فورس کو متحرک اور فعال رکھیں گے اور کاروبار کے تمام شعبوں میں نئے ریکارڈ بنائیں گے اور سدرن ریجن کو دوبارہ اس مقام پر لا کھڑا کریں گے جو ہمیشہ اس کے شایانِ شان رہا۔

سدرن ریجن کے تمام زونل ہیڈز نے اپنی جانب سے یقین دلایا کہ وہ آخری سہ ماہی میں کاروبار کی ترقی اور بہتری کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔ سدرن ریجن کے تمام خصوصاً نئے ترقی پانے والے سیکٹر ہیڈز نے یقین دلایا کہ وہ اپنے تجربات کا بہترین استعمال کرتے ہوئے آخری سہ ماہی میں شاندار کاروباری نتائج دیں گے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ نے اپنے خطاب میں متنبہ کیا کہ دوسرے ریجنز جو کہ پہلے ہی بہتر پوزیشن میں ہیں وہ یقیناً آخری سہ ماہی سو کر نہیں گزاریں گے بلکہ اس کے لیے آپ کو غیر معمولی کاروباری حکمتِ عملی اور منصوبہ بندی کرنا ہوگی اور ایمرجنسی نافذ کر کے کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے اہلیان کراچی کو ان کا شاندار ماضی یاد دلایا جن کی کاروباری سرگرمیاں ہر دور میں پورے پاکستان کے لیے ایک چیلنج اور مشعل راہ رہی ہیں۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو نے اچھی کارکردگی دکھانے والے زونل ہیڈز و سیکٹر ہیڈز اور نئے ترقی پانے والے سیکٹر ہیڈز کو گلدستے پیش کیے زونل سربراہ کراچی سدرن زون جناب خالد شیخ نے سدرن ریجن کی جانب سے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ علاوہ ازیں ریجنل چیف آفس کے تمام افسران واسٹاف کا شکریہ بھی ادا کیا جن کے بہترین انتظامات کے باعث یہ کانفرنس کامیابی سے ہمکنار ہوئی۔ نظامت کے فرائض اسسٹنٹ جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب ایم سعید خان نے سرانجام دیئے۔



محترمہ نرگس گھلو، جناب سلطان احمد شیخ اور جناب علمدار حسین کاظمی خطاب کر رہے ہیں




ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو زونل ہیڈز جناب محمد خالد شیخ اور جناب عبدالستار ابڑو کو گلدستے پیش کر رہی ہیں



زونل ہیڈز اجلاس کی کارروائی کے دوران محوِ سماعت ہیں

# ملتان ریجن کی کارکردگی پر محترمہ نرگس گھلو کا اظہار اطمینان

## ریجنل کانفرنس میں شرکاء کا نئے ریکارڈ قائم کرنے کا عزم

رپورٹ......زیڈ ایم کامران شمسی
اے جی ایم مارکیٹنگ، ملتان ریجن



ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو زونل ہیڈ چوہدری اختر حسین کو پھولوں کا تحفہ پیش کر رہی ہیں

اسٹیٹ لائف ملتان ریجن کے سیکٹر ہیڈز اور زونل ہیڈز کی کانفرنس مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ اور ریجنل چیف ملتان جناب مقصود احمد چوہدری کا شرکا کانفرنس نے استقبال کیا۔

کانفرنس کا آغاز اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام سے ہوا۔ خطبہ استقبالیہ میں ریجنل چیف ملتان ریجن مقصود احمد چوہدری نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ کو ملتان ریجن کے زونل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز کی کانفرنس میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری نے کہا کہ ملتان ریجن 2008ء کی آخری سہ ماہی میں ایک نئی تاریخ رقم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ساتھی متحرک ہیں اور ہر قسم کے چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں خواہ وہ پہلے سال کا پریمیئم ہو یا دوسرے سال کا تجدیدی پریمیئم ۔انہوں نے کہا کہ جو سیلز منیجر 2 لاکھ پریمیئم ماہانہ کی اوسط حاصل نہیں کرتا اس کی آمدنی آج کے مہنگائی کے اس دور میں گھر کے اخراجات کو نہیں چلا سکتی لہٰذا اپنی آمدن کو بڑھائیں دنیا میں کوئی بھی کام بغیر کسی ہدف کے مکمل نہیں ہوتا۔ سیکٹر ہیڈز نچلی سطح پر جا کر کام لیں۔



ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے زونل ہیڈز کو گلدستے پیش کر رہی ہیں،
ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ اور ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری بھی اس موقع پر موجود ہیں

جناب سلطان اے شیخ ڈویژنل ہیڈز مارکیٹنگ نے ملتان ریجن FYP ، 86 فیصد اضافے کی کامیابی ریجنل چیف مقصود احمد چوہدری کی قیادت سے منسوب کرتے ہوئے کہا کہ ملتان ریجن کا یہ اضافہ یقیناً ایک ریکارڈ ہے اب آپ کو 2008ء کلوزنگ پر ملتان ریجن کو کارپوریشن کی سطح پر اپنی پوزیشن کو اول نمبر پر رکھنا ہے انہوں نے کہا ملتان ریجن کی زمین بڑی زرخیز ہے اور آپ کی محنت یقیناً رنگ لائے گی اپنی رفتار کو مزید تیز کر دیں۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو نے مقصود احمد چوہدری کو کارپوریٹ لیول پر فرسٹ پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور انہوں نے کہا کہ ان کی ولولہ انگیز قیادت کا ثمر آپ کے سامنے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ملتان ریجن کو یہ عزت دی کہ آپ پاکستان میں پہلی پوزیشن اضافہ 86 فیصد کے ساتھ ریجن کی ایک نئی تاریخ رقم کر رہے ہیں۔ انہوں نے پورے اعتماد کا اظہار کیا کہ ملتان ریجن سالانہ بنیاد پر پہلی پوزیشن حاصل کر کے اپنے لیڈر مقصود احمد چوہدری کی روایات کو قائم رکھے گا۔

کانفرنس کے اختتام پر اعلیٰ کارکردگی کے حامل زونل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز کو گلدستے پیش کیے گئے۔

اسٹیج سیکریٹری کی ذمہ داری زیڈ ایم کامران شمسی اسسٹنٹ جنرل منیجر مارکیٹنگ نے ادا کی۔

# افسران کے تبادلے اور تعیناتی



آفس آرڈر نمبر پی اینڈ جی ایس/ پی او/298/ 2008 کے مطابق سینئر جنرل منیجر پی اینڈ جی ایس جناب سہیل ہاشمی کو ٹرانسفر کر کے ڈویژنل ہیڈ (آر اینڈ اے) جبکہ ڈپٹی جنرل منیجر (پی ایچ ایس) جناب یحییٰ چماڈیہ کو ڈویژنل ہیڈ (پی اینڈ جی ایس) تعینات کیا گیا ہے۔ دریں اثناء ڈپٹی جنرل منیجر جناب مختار اے چوہدری کو پرسنل سے تبدیل کر کے بجٹ اینڈ اکاؤنٹس میں تعینات کر دیا گیا ہے جبکہ رئیل ایسٹیٹ ڈویژن کے اسسٹنٹ جنرل منیجر جناب محمد اخلاق کا تبادلہ پرسنل میں کر دیا گیا ہے اور ایکچوئیریل ڈویژن کے ڈپٹی جنرل منیجر جناب ایم فیصل ممتاز کو ٹرانسفر کر کے ڈویژنل ہیڈ (پی ایچ ایس) کا قلمدان سونپا گیا ہے۔

# Congratulations

## Regional Chiefs and Top 3 Zonal Heads

### Based on Completed Annual FYP Target






| Chodhry Madad Ali Anjum | Raja Zafar Ali Shan | Maqsood Ahmed Chodhry | S. Alamdar Hussain Kazmi |
|---|---|---|---|
| Central Region | Northern Region | Multan Region | Southern Region |

### Based on First Year Premium (in 000's)





| M. Dawood A. Nasir | Shaikh Zahid Imam | Iftikhar Ahmed |
|---|---|---|
| Faisalabad Zone | Lahore (C) Zone | Rawalpindi Zone |
| FYP 445,550/- | FYP 361,751/- | FYP 347,084/- |

### Based on % Increase in First Year Premium and Target V/S Achievement





| Shahzada M. Iqbal | Abdul Aleem Ch. | Ch. Akhtar Hussain |
|---|---|---|
| Sialkot Zone | Sahiwal Zone | Bahawalpurl Zone |
| Increase 57.89% | Increase 52.28% | Increase 47.74% |
| Achieved 128.89% | Achieved 126.90% | Achieved 123.11% |

### Based on 2nd year Persistency






| R. N. Shikrani | Dur Muhammad Baladi | S. H. Raza |
|---|---|---|
| R. Y. Khan Zone | Hyderabad Zone | Karachi (C) Zone |
| Ratio 90.62% | Ratio 88.72% | Ratio 88.29% |

### Based on Renewal Persistency





| Dur Muhammad Baladi | Ghulam Rasool Abro | Khalid Sheikh |
|---|---|---|
| Hyderabad Zone | Larkana Zone | Karachi (S) |
| Ratio 105.13% | Ratio 101.80% | Ratio 99.79% |

# مبارک مبارک

## جناب مقبول احمد راٹھ
## کی جدوجہد کہانی، ان کی اپنی زبانی



میں نے لائف انشورنس میں اپنے کیریئر کا آغاز 1984ء میں اپنے زمانہ طالب علمی سے کیا۔ سیلز ریپریزنٹیٹو سے سیلز منیجر کا سفر طے کرتے ہوئے 1995ء میں اسٹیٹ لائف کا مقررہ ٹارگٹ پورا کرکے تیز تر ترقی کی اسکیم کے تحت 26لاکھ پریمیئم سال اول کر کے نہ صرف ایریا منیجر بنا بلکہ گولڈ میڈل بھی جیتا۔ میرے انداز فکر میں انقلابی تبدیلی 1992ء میں آئی جب میری ملاقات اس وقت کے لیڈر آف دی کارپوریشن ایریا منیجر جناب ریاض اختر سے ہوئی اس وقت پوری کارپوریشن میں ان کے نام کے چرچے تھے۔ میں نے ان سے بات کی اور خود سے سوال کیا کہ اگر ریاض اختر صاحب لیڈر آف دی کارپوریشن ہوسکتے ہیں تو مقبول راٹھ کیوں نہیں ہوسکتا۔ یہی وہ لمحہ تھا جب میں نے ان کا ریکارڈ توڑنے اور کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے کا عزم کیا۔ میں نے ایریا منیجر بننے کے بعد اپنی سوچ اور منصوبہ بندی کو ایک نئی جہت دی ایک طویل اور صبر آزما جدوجہد کا آغاز کیا اور بالآخر 2004ء میں ایک کروڑ 87لاکھ پریمیئم سال اول کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ یقیناً یہ اعزاز میرے جاں نثار ساتھیوں کی شبانہ روز کاوشوں، اولولعزمی اور انتھک جدوجہد کا ثمر تھا جس پر میں انہیں جتنا بھی خراج تحسین پیش کروں کم ہے، ایک بار پہلی پوزیشن حاصل کرنے کے بعد میں نے اور میری جاں نثار ٹیم نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا اور ہمارا کارواں ہر سال ایک نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے ریکارڈ توڑتے رہے ہیں اور یوں پچھلے پانچ سالوں سے ایریا 0750 لیڈر آف دی کارپوریشن کے اعزاز کا بڑی کامیابی سے دفاع کر رہا ہے۔ میرا پریمیئم سال اول 2004ء میں 18,759,850 تھا جو 2005ء میں بڑھ کر 23,633,341 ہوگیا، 2006ء میں بھی 26,814,104 نیا کاروبار رہا جبکہ 2007ء میں بڑھ کر 30,745,820 ہوگیا اب 2008ء میں 39,121,621 حاصل کر کے کارپوریٹ لیڈر بن چکا ہوں اور اس دوران میرے تین شاہین صفت ساتھی ایریا منیجر بھی بنے۔

سال 2008ء میں ایک اور اعزاز ہمارا نصیب بنا کہ ماہ دسمبر کے صرف ایک مہینے میں میرے ایریا منیجرز نے ایک کروڑ 2لاکھ 26 ہزار پریمیئم سال اول کر کے کارپوریشن کے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ کر ایک نئی تاریخ رقم کی۔

لیکن کاروان عزم و عمل ابھی رکا نہیں، تھما نہیں تھا عمل کی مسافتیں ہماری ہمسفر اور حسن عمل کی نئی بلندیاں ہماری نظر میں ہیں۔ سال رواں میں ہمارے ایریا کا پریمیئم سال اول کا ہدف دس کروڑ روپے ہے۔ کارپوریشن کی تاریخ میں سب سے زیادہ ایریا منیجرز پیدا کرنے کا ریکارڈ اپنے نام کرنے کا عزم صمیم ہے ہم ایک سال میں سب سے زیادہ سیلز نمائندگان بھرتی کرتے ہوئے وطن عزیز سے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ پالیسیوں کی تعداد کا نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ ہم وطنوں کو بیمہ زندگی کی محفوظ پناہوں میں لے کر اپنا قومی فرض سرانجام دیں گے۔ اللہ ہمیں ہمت، طاقت اور استقامت بخشے اور اپنے ارادوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

# Congratulations

## ٹاپ کروڑپتی ایریا منیجرز 2008

### کارپوریشن کی سطح پر



**Maqbool A. Rath**
FYP 39,121,621
Faisalabad Zone



**Altaf Mehmood**
FYP 32,141,911
Sialkot Zone



**Saeed Ahmed Jarwar**
FYP 25,844,738
D. G. Khan Zone

### سینٹرل ریجن



**Maqbool A. Rath**
FYP 39,121,621
Faisalabad Zone



**Altaf Mahmood**
FYP 32,141,911
Sialkot Zone



**M. Farooq**
FYP 24,799,734
Faisalabad Zone

### ساؤتھ ریجن



**Mohsin Raza**
FYP 24,276,366
Karachi (S) Zone



**Dileep Kumar**
FYP 22,531,625
Karachi (S) Zone



**S. Noor Shah Bukhari**
FYP 20,618,820
Larkana Zone

### نارورن ریجن



**Mirza M. Ashfaq**
FYP 25,320,886
Gujrat Zone



**Gul Muhammad**
22,534,752
Rawalpindi Zone



**Raja Imtiaz Hussain**
FYP 19,539,501
Mirpur (AK) Zone

### ملتان ریجن



**Saeed Ahmed Jarwar**
FYP 25,844,738
D. G. Khan Zone



**Nasruminallah Khan**
FYP 24,874,665
D. G. Khan Zone



**Dr. M Ashraf**
FYP 22,788,202
Sahiwal Zone

## مبارک مبارک

# محترمہ فہمیدہ اشرف

## پہلی کروڑپتی خاتون ایریا منیجرز



اسٹیٹ لائف لاہور سینٹرل زون کی ایریا منیجر محترمہ فہمیدہ اشرف نے اپنی بہترین کاروباری کارکردگی کی بدولت کارپوریشن کی پہلی کروڑپتی خاتون ایریا منیجر ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا۔

محترمہ فہمیدہ اشرف نے اپنے کیریئر کا آغاز بحیثیت سیلز نمائندہ دسمبر 1990ء کو کیا جبکہ یکم جنوری 1993ء میں سیلز افسر بنی اور یکم جنوری 1995ء میں بطور سیلز منیجر ترقی پائی۔ بہترین صلاحیتوں اور بزنس پرفارنس پر انہیں اکتوبر 1998ء میں ''بی'' کیٹیگری ایریا منیجر پروموٹ کیا گیا۔ ہر سال اپنے مطلوبہ اہداف کی تکمیل کے نتیجے میں انتظامیہ نے انہیں یکم جنوری 2004ء کو''اے'' کیٹیگری ایریا منیجر بنادیا۔

محنت اور جدوجہد کے اس جاری سفر میں 2008ء میں اپنی پرعزم ٹیم کے ہمراہ ایک کروڑ 22 لاکھ 46 ہزار 693 روپے کا نیا پریمیئم جمع کرنے میں کامیاب ہوئیں۔ اور پاکستان بھر میں پہلی کروڑپتی ایریا منیجر بننے کا اعزاز حاصل کرلیا۔

بلاشبہ محترمہ فہمیدہ اشرف کارپوریشن کا اثاثہ ہیں اور ادارے کو ان کی خدمات پر فخر ہے جو بے لوث خدمت اور انتھک محنت سے نہ صرف اپنے ادارے کی ترقی واستحکام میں اپنا اہم کردار ادا کررہی ہیں بلکہ زیادہ سے زیادہ ہم وطنوں کو بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کرکے اہم قومی فریضہ انجام دے رہی ہیں۔

ادارہ ''تحفظ'' انہیں اور ان کی ٹیم کو اس اعلیٰ کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ اسٹیٹ لائف میں کام کرنے والی دیگر خواتین بھی ان کی تقلید کرتے ہوئے اپنی جدوجہد تیز کریں گی اور کامیابی حاصل کریں گی۔ (تحفظ رپورٹ)

Congratulations

# Crorepati Area Managers 2008

## Central Region

| Name | FYP | Zone | Name | FYP | Zone | Name | FYP | Zone |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Maqbool A. Rath | 39,121,621 | Faisalabad | Ashfaq A. Choudhry | 14,728,000 | Lahore (C) | Ch. Muhammad Sain | 12,324,000 | Lahore (C) |
| Altaf Mehmood | 32,141,911 | Sialkot | Mehmood Subhani | 14,686,148 | Lahore (W) | Miss Fehmida Ashraf | 12,246,000 | Lahore (C) |
| M. Farooq | 24,799,734 | Faisalabad | A. Razzak Chaudhry | 14,673,000 | Lahore (C) | Inayatullah Khan | 12,184,643 | Sargodha |
| Kamran Elahi | 24,253,393 | Faisalabad | Riaz Ahmed Awan | 14,627,000 | Lahore (C) | Mazhar Iqbal | 11,588,605 | Faisalabad |
| M. Azeem Butt | 23,716,553 | Sialkot | Aal-e-Ahmed Shah | 14,300,840 | Sargodha | Asif Raza | 11,582,000 | Lahore (C) |
| Farooq Iqbal Butt | 22,479,592 | Sialkot | M. Sohail Bashir | 14,203,000 | Lahore (C) | Mushtaq-ur-Rehman | 11,477,657 | Sialkot |
| Arif Baig | 20,878,969 | Sialkot | M. Ilyas Karim | 14,134,967 | Gujranwala | Muhammad Aslam | 11,437,123 | Lahore (W) |
| Mian Shahid Iqbal | 20,468,582 | Sialkot | Asghar Ali Alvi | 14,008,622 | Faisalabad | Sarfaraz Ali | 11,355,114 | Faisalabad |
| Shabbir Ahmed Bajwa | 19,587,173 | Sialkot | Ghulam Fareed | 13,857,249 | Faisalabad | G. H. Shehzad | 11,212,309 | Faisalabad |
| M. A. Khurshid | 19,056,000 | Lahore (C) | Kamran Bukhari | 13,845,053 | Lahore (W) | Muhammad Yar Asif | 11,197,647 | Sargodha |
| Ch. Rashid Ahmed | 18,247,830 | Sialkot | Malik M. Abbas | 13,793,411 | Lahore (W) | M. Ramzan Shad | 11,163,006 | Faisalabad |
| Qazi M. Arshad | 17,657,596 | Sialkot | Nawaz Basra | 13,544,182 | Sialkot | Javed Hussain | 10,849,116 | Lahore (W) |
| Abdul Aziz Khan | 16,768,199 | Sargodha | Muhammad Ilyas | 13,526,000 | Lahore (C) | Abdul Khalique | 10,844,447 | Faisalabad |
| Ch. M. Asif Dhudra | 16,420,907 | Sargodha | Khawar Marghoob Bhatti | 13,472,258 | Sargodha | Nasir Ahmed Kahloon | 10,690,097 | Sargodha |
| Mian Zafar Iqbal Kamran | 16,129,000 | Lahore (C) | Asghar Ali Siddiqi | 13,453,562 | Faisalabad | Mr. Khalid Mehmood | 10,600,989 | Faisalabad |
| Mahabat Khan | 15,573,167 | Faisalabad | Zeeshan Haider | 13,075,001 | Sialkot | Ehsan Saeed Khalid | 10,572,390 | Lahore (W) |
| Mehmood Jaffar | 15,564,566 | Faisalabad | Noor M. Noori | 12,740,917 | Sargodha | Muhammad Javed | 10,524,629 | Sialkot |
| Shahbaz Ali Sian | 15,338,574 | Gujranwala | Rana M. Aslam Shad | 12,597,337 | Faisalabad | M. Arshad Chaudhry | 10,311,580 | Lahore (W) |
| Abdul Hayee | 15,282,000 | Lahore (C) | Abdul Khalique Waheed | 12,523,723 | Faisalabad | M. Aslam Babu | 10,221,182 | Faisalabad |
| M. Anwar | 15,105,194 | Faisalabd | Munir M. Basra | 12,520,919 | Faisalabad | Zawwar Hussain | 10,057,204 | Sargodha |
| Malik Qamar Hussain | 15,001,826 | Sargodha | Ch. Muhammad Sarwar | 12,337,516 | Sargodha | | | |

## Multan Region

| Name | FYP | Zone | Name | FYP | Zone | Name | FYP | Zone |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Saeed \|Ahmed Jarwar | 25,844,738 | D. G. Khan | Rana Saadat Ali Khan | 14,778,603 | Sahiwal | Afzal Anjum | 11,480,923 | R. Y. Khan |
| Nasruminallah Khan | 24,874,665 | D. G. Khan | M. Iqbal Tariq | 14,743,908 | Sahiwal | Malik Muhammad Anwar | 11,429,786 | D. G. Khan |
| Dr. Muhammed Ashraf | 22,788,202 | Sahiwal | Abdul Rehman Leghari | 13,765,256 | Multan | Muhammad Riaz Ch. | 11,141,593 | R. Y. Khan |
| Ashiq Ali Toor | 21,571,399 | Multan | M. Ramzan Bhatti | 13,701,745 | Bahawalpur | S. Sadaqat H. Bukhari | 11,089,562 | Bahawalpur |
| Malik Abdul Karim Abid | 21,505,455 | R. Y. Khan | Muhammad Boota | 13,540,587 | D. G. Khan | Aamir N. Shamsi | 10,965,010 | Multan |
| Bashir Ahmed Kharal | 20,560,575 | D. G. Khan | M. Mustaqeem Nasir | 13,178,395 | Multan | Arshad Sajad | 10,928,192 | Multan |
| M. Ashraf Dogar | 20,487,331 | Multan | M. Amin Akhter | 13,174,693 | Multan | Hasnain Manzoor | 10,861,653 | Multan |
| Javed Iqbal | 16,465,997 | R. Y. Khan | Naseer Ahmed Raza | 13,054,833 | Sahiwal | Muhammad Riaz Shahid | 10,712,246 | Sahiwal |
| A. Rehman Siddiqui | 16,335,349 | Multan | Ulfat Mehmood Gohar | 12,738,048 | Bahawalpur | M. Masood Amjad | 10,519,255 | R. Y. Khan |
| Muhammad Yousaf | 16,021,220 | R. Y. Khan | S. M. Raza Abbas | 12,624,807 | Multan | Anwar ul Haq Khan | 10,496,393 | Sahiwal |
| M. Saleem Anjum | 15,829,776 | Multan | Abdul Rehman Javed | 12,545,932 | R. Y. Khan | Sajid Khursheed | 10,482,890 | Bahawalpur |
| M. Tufail Dogar | 15,268,148 | Multan | Mirraj Din Qadri | 12,018,470 | Sahiwal | M. Moeen-ud-Din Abbasi | 10,445,703 | R. Y. Khan |
| Mehboob Akbar | 15,171,592 | Bahawalpur | Manzoor Hussain | 11,884,821 | Multan | Mumtaz A. Malik | 10,421,962 | Multan |
| Habib-ur-Rehman | 14,966,068 | Bahawalpur | Sajid Akhtar | 11,830,146 | Bahawalpur | Saleh Muhammad Khan | 10,183,907 | Bahawalpur |
| Bashir Ahmed | 14,853,936 | R. Y. Khan | S. Ehsan Ali Naqvi | 11,764,917 | Sahiwal | | | |
| Jam Ghulam Ali | 14,801,886 | D. G. Khan | Mehmood Ahmed Ch. | 11,677,795 | Bahawalpur | | | |

Congratulations

# Crorepati Area Managers 2008

## South Region

| Name | FYP | Zone | Name | FYP | Zone | Name | FYP | Zone |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Mohsin Raza | 24,276,366 | Karachi (S) | Qazi Fawad Saleem | 14,439,981 | Hyderabad | Sohail Ishaq | 11,978,011 | Karachi (S) |
| Dileep Kumar | 22,531,625 | Karachi (S) | S. Shahid Ali | 13,820,299 | Karachi (S) | M. Qasim Bhurt | 11,432,787 | Hyderabad |
| S.Noor Shah Bukhari | 20,618,820 | Larkana | Taj Mohammad | 13,456,196 | Mirpurkhas | Akhtar Ali | 11,337,375 | Sukkur |
| Nand Lal | 19,026,482 | Mirpurkhas | M. Ilyas | 13,027,627 | Karachi (E) | Abdul Nabi Lashari | 11,115,187 | Quetta |
| Ahsanullah Khan | 18,010,627 | Karachi (S) | Naeem A. Rana | 12,981,255 | Karachi (E) | Akhlaque Hussain | 11,031,069 | Sukkur |
| Sajid Ali Tahir | 17,620,032 | Karachi (S) | Anjum Kadir | 12,981,255 | Karachi (C) | Muhammad Ishaq Arain | 10,337,041 | Larkana |
| S. Abrar Hussain | 17,183,702 | Karachi (S) | Sajid H. Shah | 12,926,595 | Karachi (S) | Abdul Karim Sheikh | 10,147,615 | Larkana |
| Asghar Ali Khushk | 15,537,939 | Hyderabad | M, Imran Danish | 12,633,100 | Hyderabad | Shakeel Ahmed Anjum | 10,044,932 | Hyderabad |
| Muhammad Akbar | 15,533,892 | Karachi (C) | Anjum Asghar | 12,543,931 | Karachi (S) | | | |

## North Region

| Name | FYP | Zone | Name | FYP | Zone | Name | FYP | Zone |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Mirza M. Ashfaq | 25,320,886 | Gujrat | Ch. Amjad Javed | 13,261,442 | Rawalpindi | Ch. Asif Jehangir | 10,658,182 | Gujrat |
| Gul Muhammad | 22,534,752 | Rawalpindi | Habib-ur-Rehman | 12,425,850 | Gujrat | Sakhi Madad | 10,654,349 | Islamabad |
| Raja Imtiaz Hussain | 19,539,501 | Mirpur (AK) | S. G. M. Rabbani | 12,281,820 | Islamabad | Ch. Zia-ul-Haq | 10,556,089 | Rawalpindi |
| Mirza Zahid Mehmood | 18,712,060 | Mirpur (AK) | Raja Jahangir Khan | 12,281,378 | Mirpur (AK) | G. H. Anjum | 10,495,543 | Rawalpindi |
| M. Ramzam | 18,346,279 | Rawalpindi | Shakeel A. Khan | 12,186,205 | Rawalpindi | Pervez Khan | 10,457,790 | Rawalpindi |
| Ghazanfar Ali Butt | 18,167,781 | Gujrat | Ansar Khan | 12,112,889 | Islamabad | Mukhtar A. Warraich | 10,279,562 | Gujrat |
| Muhammad Jan | 17,699,323 | Peshawar | Ch. Shoukat Hayat | 11,872,888 | Rawalpindi | Raja Abid Hussain | 10,274,770 | Rawalpindi |
| Jehan Zeb | 15,112,765 | Abbottabad | Raja M. Younas | 11,491,143 | Gujrat | M. Saleem Khan | 10,193,201 | Rawalpindi |
| M. Basharat | 14,780,303 | Islamabad | Attar H. Khan | 11,432,095 | Rawalpindi | Ch. Ghulam Raza Gondal | 10,176,875 | Gujrat |
| Pervez Iqbal Chatta | 14,675,132 | Rawalpindi | Saghir Ahmed Awan | 11,330,544 | Rawalpindi | Raja M. Yaqoob Khan | 10,132,429 | Mirpur (AK) |
| Abdul Rashid Qureshi | 14,318,708 | Abbottabad | Akbar Ali | 11,320,232 | Islamabad | Samson John | 10,125,937 | Rawalpindi |
| M. Mumraiz | 14,180,872 | Rawalpindi | M. Ramzan Satti | 10,923,124 | Rawalpindi | M. Mehfooz Siddiqui | 10,098,068 | Abbottabad |
| Zahid H. Mirza | 13,551,387 | Rawalpindi | M. Muzaffar Jaral | 10,824,363 | Mirpur (AK) | Zafar Qayyum | 10,097,311 | Abbottabad |
| Khalid Masood Butt | 13,399,605 | Gujrat | Muhammad Javed Khan | 10,673,327 | Peshawar | | | |

## جناب محمد صغیر......کارپوریشن کے واحد کروڑ پتی سیلز منیجر



شہر اقبال سیالکوٹ زون نے 2008ء میں کارپوریشن کی سطح پر جہاں نئے پریمیئم، حصول اہداف میں اعلیٰ کارکردگی، اوسط فی پالیسی رقم مقدار شرح اور پالیسیوں کی تعداد میں نمایاں شرح اضافہ میں خاطرخواہ کامیابی دکھائی ہے، وہاں کارپوریشن کے کروڑ پتی ایریا منیجرز کے علاوہ کل پاکستان بنیاد پر واحد کروڑ پتی سیلز منیجر دیا ہے۔

جی ہاں...... جناب محمد صغیر 2008ء میں اسٹیٹ لائف کے واحد کروڑ پتی سیلز منیجر ہیں جنہوں نے ایک کروڑ 25 لاکھ 73 ہزار 789 روپے کا نیا بزنس حاصل کر کے یہ اعزاز پایا۔

جناب محمد صغیر اسٹیٹ لائف سے گزشتہ 16 سال سے وابستہ ہیں اور نہایت محنتی، پرُعزم اور چیلنج قبول کرنے والے سیلز منیجر ہیں۔ وہ ماضی میں بھی اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعدد انعامات، ٹرافیاں، سرٹیفکیٹس اور عمرہ ٹکٹ حاصل کر چکے ہیں۔ گزشتہ دنوں بھوربن کنوینشن 2008ء میں اعلیٰ انتظامیہ کے ساتھ اپنی بہترین کارکردگی کی بدولت کیک کاٹنے کا اعزاز بھی پا چکے ہیں۔

انہوں نے اس ضمن میں نمائندہ تحفظ جناب محمد اعظم شاکر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے یہ کامیابی سب سے زیادہ نئی ریکروٹمنٹ کر کے حاصل کی جبکہ نئی ریکروٹمنٹ کے ذرائع پرانے مستند بیمہ دار بنے جو تجدیدی پریمیئم میں بھی معاون ثابت ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ میری دوسرے سال کی پرسسٹینسی کی شرح 97 فیصد رہی۔ اس کے علاوہ میری کامیابی میں پرُعزم ساتھیوں کا ٹیم ورک، ایریا منیجر جناب الطاف محمود کی رہنمائی، سیکٹر ہیڈ کی حوصلہ افزائی اور زونل ہیڈ شہزادہ ایم اقبال کا تعاون شامل ہے۔"

تحفظ انہیں اور ان کی ٹیم کو اس بہترین کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

(تحفظ رپورٹ)



# News in Pictures

## تصویری خبرنامہ




چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی اور ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو کی لاڑکانہ آمد پر سیلز منیجر وحید علی سیرانی کے ایجنسی آفس کے دورے پر لیا گیا گروپ فوٹو، ان کے ہمراہ زونل سربراہ لاڑکانہ جناب غلام سول ابڑو اور ایریا منیجر علی بھٹو بھی ساتھ ہیں



اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب زیڈ یو انصاری نے گزشتہ دنوں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی اور ایگزیکٹیوڈائریکٹرز کے اعزاز میں ظہرانہ دیا اس موقع کی ایک تصویر جس میں جناب زیڈ یو انصاری جناب چیئرمین کو گلدستہ پیش کر کے استقبال کر رہے ہیں



پشاور زون......زونل ہیڈ چوہدری محمد اعجاز سیکٹر ہیڈ حاجی محمد شاہ کوان کی اعلیٰ کارکردگی پر شیلڈ دے رہے ہیں



سابق ایگزیکٹیوڈائریکٹر آنجہانی جے ایم پریرا کی اہلیہ کوان کی پالیسی کا چیک ریجنل چیف سدرن سید علمدار حسین کاظمی دے رہے ہیں، اس موقع پر مارکیٹنگ ڈویژن کے محمد آصف اور اے اینڈ ایس پی کے محمد اعظم شاکر موجود ہیں



میرپور خاص زون......جناب نندلال کروڑپتی ایریا منیجر کے نمائندہ کو قرعہ اندازی کے ذریعے موٹر سائیکل کا انعام ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ دے رہے ہیں اس موقع پر زونل ہیڈ جناب عبدالستار ابڑو، جناب خالد شیخ اور دیگر بھی نمایاں ہیں



سرگودھا زون......ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ ایک بیمہ کار کو بہترین کارگزاری پر ہار پہنا کر شاباش دے رہے ہیں، اس موقع پر ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم، زونل ہیڈ جناب خالد محمود شاہد و دیگر بھی نمایاں ہیں



زونل ہیڈ رحیم یار خان جناب آرائین شکرانی ایریا منیجر محمد جاوید اقبال، ملک عبدالکریم عابد کو ایک کروڑ پریمیئم حاصل کرنے پر ہار پہنا کر کیک کاٹ رہے ہیں



پشاور زون...... چوہدری محمد اعجاز ٹاپ اچیور ایریا منیجر جناب محمد خان کو بہترین کارکردگی پر انعام میں شیلڈ دے رہے ہیں



# بیمۂ زندگی اور اسلامی نقطۂ نظر

تحریر......شیر علی خان
سینئر جنرل منیجر آئی اے اینڈ ای

قسط نمبر 3

(گزشتہ سے پیوستہ)

موجودہ دور میں حضرت عمرؓ جیسے حکمران تو ہیں نہیں جو رات کے اندھیرے میں گلیوں میں گھوم کر رعایا کا حال معلوم کریں اور اپنی پیٹھ پر آٹے کی بوری لاد کر کسی بیوہ کے گھر چھوڑ آئیں تا کہ روتے ہوئے بھوکے اور یتیم بچّوں کو روٹی میسّر ہو سکے۔ آج کل اگر ایک طرف بیت المال نہیں تو دوسری طرف معاشرہ بھی بے حس ہو چکا ہے اور اکثر لوگ بیواؤں اور یتیموں کی نہ صرف حق تلفی کرتے ہیں بلکہ اُن کے مُنہ سے نوالہ تک چھین لیتے ہیں۔

ذرا تصوّر کیجیے کہ اگر ایسی حالت میں ایک جوان خاتون بیوہ ہو جائے یا اُس کی چھوٹے بچّے یا جوان بیٹیاں ہوں تو ان سب کو انسانی فطرت کے مطابق کیا خوراک، پوشاک، رہائش، تعلیم اور علاج کے لیے رقم کی ضرورت نہیں؟ کیا اُس کے یتیم بچّے یہ کہیں گے کہ آج ابّو کا انتقال ہوا ہے لہٰذا ہم کھانا نہیں کھائیں گے یا کوئی معصوم بچّہ گلی میں غبارے اور کھلونے بیچنے والے کو دیکھ کر ماں کے پاس پیسے مانگنے اس لیے نہیں آئے گا کہ میرا باپ مرگیا ہے لہٰذا ماں کے پاس پیسے نہیں ہیں؟ یہ حقیقت ہے کہ یہ وقت بیوہ اور اس کے بچّوں کے لیے المناک ہوتا ہے کیونکہ ایک طرف بیوہ شوہر کی محبت و رفاقت اور بچّے باپ کے سائے اور شفقت سے محرومیّت کے صدمے سے دوچار ہوتے ہیں تو دوسری طرف سسرال میں دیور کے طرف سے عقدِ ثانی کی اُمید سے بندھی ہوئی مالی مدد، بیوہ کی روح سے پار ہونے والی چبھتی اور معنی خیز نگاہیں، دیورانیوں کے دل میں موجود چھپا خوف، بدگمانیاں، چہ میگوئیاں اور طنزیہ جُملے اور میکے میں بھابیوں کا خدشہ کہ بیوہ بہن بچّوں سمیت آ کر کہیں بھائی پر معاشی بوجھ نہ بن جائے جیسے تلخ حقائق اور سلوک بیوہ اور یتیم بچّوں کی معصوم اور مجروح زندگیوں کو مزید کرب ناک بنا دیتا ہے۔ پس سسرال، ننھیال، حکومت اور معاشرے سے معاشی طور پر مایوس ایسی بیوائیں یا اُن کی جوان بیٹیاں، اپنی اور یتیم بچّوں کی معاشی کفالت کی خاطر اگر معاشرے کے بعض ناپسندیدہ افراد کے سامنے ہاتھ پھیلائیں تو اُن کا انجام کیا ہوگا؟ بیمۂ زندگی سے وابستہ افراد کو ایسے ہزاروں واقعات کا علم ہے جہاں پر ایسے بُرے وقت میں بیمۂ زندگی نے بیوہ اور اُس کے نابالغ بچّوں اور جوان بیٹیوں کے سر پر چادر ڈال کر معاشی کفالت کی اور ایسی بیواؤں اور یتیموں کا سر فخر سے بلند کر کے مانگنے والوں کے بجائے دینے والوں کی صف میں کھڑا کیا۔

مندرجہ بالا معاشی مجبوریوں اور معاشرتی مسائل کو دیکھتے ہوئے زیادہ تر علماء کرام کے نزدیک اِنّمال اعمالُ بِالنِّیات کی روشنی میں اگر کوئی مسلمان اپنے بڑھاپے یا اپنی وفات کے بعد اپنے یتیم بچوں اور بیوہ کی کفالت کی نیت سے بیمۂ زندگی کرائیں تو یہ توکّل کے خلاف نہیں ہے کیونکہ یہ ایک اِضطراری کیفیت کے مترادف ہے اور اضطراری کیفیت میں زندگی بچانے کے لیے تو اسلام نے حرام بھی اعتدال کی حد تک کھانے کی اِجازت دے رکھی ہے۔ اسی مصلحت کو مدنظر رکھتے ہوئے حضرت عمرؓ نے قحط کے دنوں میں چوری پر مرد اور عورتوں کے ہاتھ کاٹنے (قطعِ ید) کی قرآنی سزا یعنی حد تک معطل کردی تھی۔ یہاں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ مشہور اسلامی کتاب خطباتِ بہاولپور میں بھی حضور ﷺ کے دور میں انشورنس کا ذکر کیا گیا ہے، اگرچہ وہ انشورنس موجودہ انشورنس سے مختلف تھی لیکن اس کتاب کے حوالے سے کسی عالم دین کی تردید میری نظر سے نہیں گزری۔

پس اگر خطبات بہاولپور کے حوالہ جات صحیح ہیں تو اس سے ظاہر ہے کہ حضور ﷺ کے دور میں بھی معاشی مشکلات سے نمٹنے کے لیے بیمے کے مترادف تدابیر کی جاتی تھیں۔ اس طرح نبی پاک ﷺ نے فرمایا تھا کہ جو آدمی اپنے اولاد کے لیے کچھ ترکہ چھوڑ کر مرجائے تو وہ بہتر ہے۔ پس کوئی انسان اپنے اہل و عیال کی کفالت کے لیے اگر کوئی مستقبل کی معاشی منصوبہ بندی کرے تو یہ اسلامی اقدار کے مطابق ہوگا اور آج کا بیمہ بھی بنکوں کی طرح سود نہیں بلکہ ایک اخلاقی اور قانونی معاشی منصوبہ اور جائز ترکہ ہے۔


درجہ بالا حقائق کے علاوہ انٹرنیٹ پر سعودی عرب کے مشہور اخبار عرب نیوز میں سعودی ثَب کے اکابر مفتی صاحبان کا ایک پینل دنیا بھر کے مسلمانوں کو جدید مسائل کے بارے میں اسلامی نقطۂ نظر سے سوالات کے جوابات دیتا ہے۔ مفتیان کرام کا یہ پینل ابتدا میں بیمۂ زندگی کو حرام تصوّر کرتا تھا لیکن بعد میں اُنھوں نے اس پر مزید تحقیق کر کے اور بہت سارے علما سے بحث کر کے نومبر 2005 میں اپنے پہلی رائے سے رجوع کیا اور جولائی 2007 میں تکرار کے ساتھ اپنی نومبر 2005 والی رائے کی دوبارہ تصدیق کر کے بیمۂ زندگی کو جائز قرار دیا ہے۔ اور وضاحت کی کہ بیمہ بذات خود بنک کے سود کی طرح حرام نہیں، تاہم بیمہ کمپنی کو بامنافع بیمہ پالیسیوں کی سرمایہ کاری کو اسلامی اصولوں کے مطابق بنانا چاہیے تا کہ بامنافع بیمہ پالیسیاں بھی اسلامی اُصولوں کے مطابق ہو جائیں۔ پس بیمۂ زندگی کی ساری کہانی میں یہی ایک نقطہ قابلِ اصلاح ہے۔

(باقی آئندہ)

(نوٹ: زیرِ نظر تحریر کو ایک کتابچے کی شکل میں بھی ترتیب دیا جا رہا ہے جو بہت جلد دستیاب ہوگی۔)

انا للہ وانا الیہ راجعون





اسٹیٹ لائف کے تمام ملازمین اور قارئین تحفظ کو یہ جان کر دکھ اور افسوس ہوگا کہ کارپوریشن کے سات ملازمین یکے بعد دیگرے رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان میں ڈپٹی منیجر (بی اینڈ اے) جناب خالد برکی جو حال یہ میں ترقی حاصل کر کے کراچی سینٹرل زون ٹرانسفر ہوئے تھے دفتر سے گھر پہنچنے کے فوری بعد دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ اس ضمن میں ڈپٹی منیجر سوات زون جناب محمد ارشاد قاتلانہ حملے میں انتقال کر گئے جبکہ پرنسپل آفس آر ای ڈی کے لفٹ مکینک چوہدری محمد صادق دل کا دورہ پڑنے سے رحلت فرما گئے۔ دریں اثناء کمپیوٹر ڈویژن کے اسسٹنٹ جنرل منیجر (ریٹائرڈ) جناب توفند زیدی اچانک داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ علاوہ ازیں پرنسپل آفس رئیل اسٹیٹ ڈویژن کے قاصد جناب ولی محمد گزشتہ دنوں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ کراچی سدرن زون کے اسسٹنٹ پالیسی ہولڈر سروسز ڈپارٹمنٹ جناب محمد نوشاد احمد خان گزشتہ دنوں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ پرنسپل آفس کے ریٹائرڈ قاصد جناب محمد عمر اچانک اس دنیا سے رخصت ہو گئے ادارہ ''تحفظ'' تمام مرحومین کے لواحقین کے ساتھ غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت کرے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔